رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2016-2018 تا 2018-2020)

اردو (لازمی) 020 - (دہم کلاس) وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : II (انشائیہ طرز) (دوسرا گروپ) کل نمبر : 60

(حصہ اوّل)

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) : 10

(حصہ نظم)

(i) وہی خالق ہے دل کا اور دل کے نیک ارادوں کا — وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا

(ii) یہ سماں اور اک قوی انسان ' یعنی کاشت کار — ارتقا کا پیشوا ' تہذیب کا پروردگار

(iii) اس کی چھاتی پر کئی ٹانگے اُلٹ کر رہ گئے — سیکڑوں گھوڑوں کا اِس پر ہو چکا ہے انتقال

(iv) یہ سعادت حورِ صحرائی! تری قسمت میں تھی — غازیانِ دیں کی سقائی تری قسمت میں تھی

(حصہ غزل)

(v) ترے رتبہ دانِ محبت کی حالت — ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

(vi) مِل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا — ٹوٹ کر دل ، اُسی سے ملتا ہے

(vii) بات یہ ہے کہ سکونِ دل وحشی کا مقام — کُنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں

(حصہ دوم)

3- درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) مرزاصاحب دِلّی کے شرفا کے ایک متموّل خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ ترابا بیرم خان سے آگے بڑھ کر ایک راستہ سیدھے ہاتھ کو مڑ جاتا ہے، اِسی کے نکڑ پر مرزاصاحب کا آبائی مکان تھا۔ اسی علاقے میں سرسیّداحمدخاں کا قدیم مکان بھی تھا۔ سرسید سے بھی مرزاصاحب کی عزیزداری تھی۔ (ورق الٹیئے)

3- (ب) وہ بہت سادہ مزاج، بھولا بھالا اور منکسرُ المزاج تھا۔ اُس کے چہرے پر بشاشت اور لبوں پر مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی۔ چھوٹے بڑے ہر ایک سے جھک کر ملتا۔ غریب تھا اور تنخواہ بھی کم تھی۔ اس پر بھی اپنے غریب بھائیوں کی بساط سے بڑھ کر مدد کرتا رہتا تھا۔ کام سے عشق تھا اور آخر کام کرتے کرتے ہی اس دُنیا سے رخصت ہو گیا۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

(i) لڑکی اسٹیشن پہنچی تو اس نے سب سے پہلے کیا دیکھا؟ (ii) مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کیا ہے؟

(iii) سبق ''اُٹھ باندھ کمر کیوں ڈرتا ہے'' کے حوالے سے حکومت کی اوّلین ترجیح کیا ہے؟ (iv) لوک کہانی کی مختصر تعریف کیجیے۔

(v) مرزاغالب کے تیسرے خط میں مجتہدالعصر سے کون سی شخصیت مراد ہے؟ (vi) فاطمہ بنت عبداللہ کون تھی؟

(vii) نظم ''کسان'' کے مطابق نبضِ خاک پر انگلیاں رہنے کا کیا مطلب ہے؟ (viii) جگر کی غزل کے مطابق ہوش اور بےخودی کے ملنے سے دنیا کے کاروبار کیسے سنورتے ہیں؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مرزامحمدسعید ۔ (ii) چغل خور ۔ 5

6- کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) چاندنی رات ۔ (ii) سائنس کے کرشمے ۔ (iii) سیلاب کی تباہ کاریاں ۔ 15

7- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے : 10

ہم عصروں اور ہم چشموں کی رقابت پرانی چیز ہے اور ہمیشہ سے چلی آتی ہے۔ جہاں تک مجھے اُن سے گفت گو کا موقع ملا اور بعض اوقات چھیڑ چھیڑ کر اور کرید کرید کر دیکھا اور اُن کی تحریروں کے پڑھنے کا اتفاق ہوا۔ مولانا اس عیب سے بَری معلوم ہوتے ہیں۔ محمد حسین آزاد نے مولانا شبلی کی کتابوں پر کیسے اچھے تبصرے لکھے ہیں اور جو باتیں قابل تعریف تھیں ان کی دل کھول کر داد دی ہے۔ مگر ان بزرگوں میں سے کسی نے مولانا کی کسی کتاب کے متعلق کچھ نہیں لکھا۔ لاہور میں کرنل ہالرائیڈ کی زیرِہدایت جو جدید رنگ کے مشاعرے ہوئے اُن میں آزاد اور حالی دونوں نے طبع آزمائی کی۔ 'برکھارُت' 'حبِ وطن' ' نشاطِ امید' اسی زمانے کی نظمیں ہیں۔ آزاد اپنے رنگ میں بے مثل نثّار ہیں' مگر شعر کے کوچے میں اُن کا قدم نہیں اُٹھتا۔ لیکن مولانا کی انصاف پسندی ملاحظہ کیجیے کہ کیسے صاف لفظوں میں اِس نئی تحریک کا سہرا آزاد کے سر باندھا ہے۔

سوالات : (i) مولانا کس عیب سے بری تھے؟ (ii) جدید رنگ کے مشاعروں میں کس قسم کی نظمیں پڑھی جاتی تھیں؟ (iii) ' نثّار ' کے معنی لکھیے۔

(iv) ''مگر شعر کے کوچے میں اُن کا قدم نہیں اُٹھتا'' کے معنی بتایئے۔ (v) داد دینا کے معنی لکھیے۔